روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
جمعرات 17 جون 2010ء 4 رجب 1431 ہجری 17 احسان 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 129

اخوت کا رشتہ

حضرت کعب بن مالک انصاریؓ کو غزوہ تبوک میں شامل نہ ہوسکنے کے باعث مقاطعہ کی سزا ہوئی تھی۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی معافی کا اعلان کیا اور وہ آنحضرتؐ کی خدمت میں ملاقات کے لئے حاضر ہوئے تو مجلس میں سے حضرت طلحہؓ دیوانہ وار دوڑتے ہوئے ان کے استقبال کو آگے بڑھے اور مصافحہ کرکے انہیں مبارکباد عرض کی۔ حضرت کعبؓ انصاری کہتے تھے کہ اس موقع پر مہاجرین میں سے کسی صحابی نے اس والہانہ گرمجوشی کا میرے ساتھ مظاہرہ نہیں کیا جس طرح حضرت طلحہؓ فورجذبات میں اُٹھ کر دوڑے آئے۔

(بخاری کتاب المغازی باب حدیث کعب حدیث نمبر 4066)

خدا کی راہ میں جان قربان کرنے والوں کے لئے سیدنا بلال فنڈ کا قیام

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے خطبہ جمعہ 14 مارچ 1986ء میں فرمایا:۔

جماعتوں کی زندگی کی ضمانت اس بات میں ہے۔ الٰہی جماعتوں کی زندگی کی ضمانت کہ اُن کے قربانی کرنے والوں کو اپنے پسماندگان کے متعلق کوئی فکر نہ رہے۔ اور اتنی واضح اتنی کھلی کھلی یہ حقیقت ہر ایک کے پیش نظر رہے کہ ہم بطور جماعت کے زندہ ہیں اور بطور جماعت کے ہمارے سب دکھ اجتماعی حیثیت رکھتے ہیں۔ اگر یہ یقین پیدا ہو جائے کسی جماعت میں تو اُس کی قربانی کا معیار عام دنیا کی جماعتوں سے سینکڑوں گنا زیادہ بڑھ جاتا ہے۔ باہر تو پوچھتا ہی کوئی نہیں۔ .... لیکن جس جماعت میں قربانی کا معیار خدا کے فضل اور اس کے رحم کے نتیجے میں اس وجہ سے بلند ہو کہ وہ خدا کی خاطر قربانی کرتے ہیں اور ساتھ یہ بھی یقین کامل ہو کہ ہمارے بعد ہماری اولاد کی ساری جماعت نگران رہے گی بلکہ پہلے سے بڑھ کر اُن کی ضروریات کا خیال رکھا جائے گا۔ تو ایسی جماعت کے قربانی کا معیار آسمان سے باتیں کرنے لگتا ہے۔

اس لئے اگرچہ جماعت خدا تعالیٰ کے فضل سے ان تمام باتوں کو اچھی طرح سمجھتی ہے اور اپنی ذمہ داریاں نبھائے گی۔ لیکن بعض دوستوں کی طرف سے یہ اصرار ہوتا رہا ہے کہ شہدا کے لئے ایک مستقل فنڈ اکٹھا ہونا چاہئے۔ پہلے تو میری طبیعت میں یہ تردد رہا اس خیال سے کہ یہ تو ان کے حقوق ہیں۔ اور جماعت کی جو بھی آمد ہے اس میں یہ اولین حق ان لوگوں کا شامل ہے، اس لئے الگ تحریک کرنے سے کہیں یہ جذباتی تکلیف نہ ان کو پہنچے کہ ہمارا بوجھ جماعت اٹھا نہیں سکتی اُس طرح ہمارے لئے جیسے صدقے کی تحریک کی جاتی ہے۔ اس طرح الگ تحریک کی جارہی ہے۔ اس لئے کافی دیر تردد رہا اور دعا بھی کرتا رہا کہ اللہ تعالیٰ صحیح فیصلے کی توفیق عطا فرمائے۔ لیکن اب مجھے پوری طرح اس بات پر شرح صدر ہوگیا ہے کہ چونکہ یہ ہرگز صدقے کی تحریک نہیں۔ بلکہ جو شخص اس میں حصہ لے گا وہ اعزاز سمجھے گا اس بات کو کہ مجھے جتنی خدمت کرنی چاہئے تھی اتنی نہیں تو ایک بہت ہی معمولی خدمت کی توفیق مل رہی ہے اور اس لئے کہ بہت سے لوگوں کی طرف سے بے اختیار بار بار اظہار ہو رہا ہے کہ ہم بے چین ہیں ہمیں موقعہ دیا جائے ہم کسی رنگ میں خدمت کرنا چاہتے ہیں۔ اور چونکہ جماعت کی ایسی تربیت ہے کہ انفرادی طور پر ایسے لوگوں کو ایسے خاندانوں سے تعلق رکھ کر کچھ رقمیں دینے کو مناسب نہیں سمجھا جاتا، اس میں کئی قسم کی قباحتیں پیدا ہوتی ہیں اور ہم یہ پسند نہیں کرتے کہ ذاتی طور پر یہ لوگ کسی کے احسان کے نیچے آئیں۔ اس لئے جن کی تمنا ہے جو اس بات کے لئے تڑپ رہے ہیں کہ ہمیں بھی موقعہ ملنا چاہئے ان کے لئے پھر یہی رستہ باقی رہ جاتا ہے کہ نظام جماعت ان کو موقعہ دے اور وہ جماعت میں اپنی توفیق اور اپنی خواہش اپنی تمنا کے مطابق کچھ نہ کچھ پیش کریں۔

اس لحاظ سے یہ سب باتیں سوچنے کے بعد میں نے فیصلہ کیا ہے کہ آج اس تحریک کا اعلان کرتا ہوں۔ اس کے لئے میں اپنی طرف سے دو ہزار پونڈ سے اس کا آغاز کرنا چاہتا تھا۔ مگر انگلستان کی جماعت کے ایک دوست مجھ سے پہل کر گئے باقی تو مشورے دے رہے تھے انہوں نے ایک ہزار پونڈ کا ساتھ چیک بھجوا دیا تھا۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے توفیق ان کو دے دی کہ وہ سبقت لے گئے ہیں۔ مگر بہر حال دوسرے نمبر پر میرا نام آجاتا ہے اور اب جس کو خدا تعالیٰ جتنی توفیق عطا فرمائے۔ پوری طرح شرح صدر اور محبت کے جذبے سے جو دینا چاہتا ہے وہ دے گا۔ ادنیٰ سا بھی تردد یا بوجھ ہو تو ہرگز نہ دے۔ اس پر لازم ہے کہ وہ نہ دے کیونکہ یہ ایسی تحریک نہیں ہے کہ جس طرح چندوں میں بعض دفعہ بوجھ اٹھا کر بھی آپ دیتے ہیں۔ یہ ایک خاص نوعیت کی تحریک ہے اس میں بشاشت طبع ہی ضروری نہیں بلکہ طبیعت کا دباؤ ضروری ہے دل سے بے قرار تمنا اٹھ رہی ہو ایک خواہش پیدا ہو رہی ہو کہ میں اس میں شامل ہوں۔ پھر خواہ کسی کو آنہ دینے کی بھی توفیق ہو وہ بھی بہت عظیم دولت ہے۔ وہ بھی خدا تعالیٰ کی طرف سے ایک بہت بڑی سعادت ہوگی۔ تو اس تحریک کا میں اعلان کرتا ہوں اور اسی پر اس خطبہ کو ختم کرتا ہوں۔ لیکن ختم کرنے سے پہلے ایک دفعہ پھر آپ کو دعاؤں کی طرف توجہ دلاتا ہوں۔ دعائیں کرنا اور دعا میں گریہ وزاری کرنا یا ان پیاروں کی یاد میں دل کو نرم پانا یہ کوئی کمزوری نہیں ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے۔ لیکن دشمن کے مقابل پر نظر نیچی کرنا اور اپنے مقاصد سے منہ موڑ لینا یا ان میں نرمی پیدا کر دینا یا اپنے عزائم میں کسی قسم کی کمی برداشت کر لینا کسی قسم کی کمزوری برداشت کر لینا یہ مومن کو زیبا نہیں ہے۔ ہر ٹھوکر کے بعد پہلے سے زیادہ عزم ہونا چاہئے، پہلے سے بلند تر حوصلے ہونے چاہئیں، پہلے سے زیادہ سختی برداشت کرنے کے ارادے ہونے چاہئیں، اور اس کے مطابق دعائیں بھی پڑھنی چاہئیں ساتھ ساتھ پس جہاں تک ان لوگوں اور دشمنوں کا تعلق ہے۔ اُن کے لئے یہ آنسو نہیں ہیں اُن کے لئے یہ دل کے درد نہیں ہیں۔ یہ ہمارا اپنے پیاروں کے ساتھ ایک تعلق ہے اور خدا کا اس کے ساتھ تعلق ہے۔

(مرسلہ: سیدنا بلال فنڈ کمیٹی۔ خطبات طاہر جلد 5 ص 220 تا 223)

احباب جماعت کی خدمت میں دعاؤں کی تحریک

از: مکرم ومحترم ناظر صاحب اعلیٰ صدر انجمن احمدیہ ربوہ

جیسا کہ احباب کے علم میں ہے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ایک لمبے عرصے سے ہمیں دعائیں کرنے اور اپنی حفاظت کے سامان کرنے کی طرف توجہ دلا رہے ہیں۔

سانحہ لاہور کے بعد بھی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس سلسلے میں اپنے خطبات میں توجہ دلائی ہے۔ امید ہے کہ احباب اس طرف توجہ کر رہے ہوں گے اور دعاؤں میں مصروف ہوں گے۔ اس درخواست کے ذریعے خاکسار ایک بار پھر احباب کی توجہ حضور انور کے ارشادات جو دعاؤں اور احتیاط اور حفاظت کے انتظام سے متعلق ہیں کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہے۔

جیسا کہ آپ جانتے ہیں یہ ایام بہت خطرناک ہیں، ان ایام میں احباب باقاعدگی سے نمازیں باجماعت ادا کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ نماز تہجد کا بھی حتی الامکان اہتمام کریں۔ نیز اپنی استطاعت کے مطابق صدقات بھی دیں اور خاص طور پر ان دعاؤں کے کرنے کا اہتمام کریں جن کے بارے میں حضور انور نے ہمیں توجہ دلائی ہے۔ ان میں سے دو دعائیں ذیل میں درج ہیں۔

باقی صفحہ 12 پر

دارالضیافت میں خالی آسامی

دارالضیافت میں نان بائی کی ایک خالی آسامی کیلئے تجربہ کار نان بائی کی ضرورت ہے۔ جو آٹا گندھائی پیڑے کرنے اور روٹی پکانے کا خاص تجربہ رکھتا ہو اور اپنے عملہ کو بھی کنٹرول کر سکتا ہو۔ اپنی درخواست مع تجربہ اپنے صدر صاحبہ محلّہ کی سفارش کے ساتھ لے کر فوراً ذاتی طور پر خاکسار سے ملیں۔

(نائب ناظر ضیافت ربوہ)

تبصرہ

کل عالم میں موجود احمدیہ بیوت الذکر (انگریزی میں)

خلافت جوبلی کے موقع پر جماعت احمدیہ امریکہ کی خوبصورت پیشکش

چیئرمین :	ڈاکٹر احسان اللہ ظفر صاحب
ایڈیٹر :	انور محمود خان صاحب
پرنٹر :	بشارت ایم مرزا صاحب
پیشکش :	جماعت احمدیہ امریکہ
ضخامت:	352 صفحات

جماعت احمدیہ خدا تعالیٰ کے خاص فضل و کرم اور تائیدات کی وجہ سے کل عالم میں بڑی تیزی کے ساتھ ترقیات کی منازل طے کرتی چلی جارہی ہے۔ روزانہ چڑھتا ہوا سورج 195 ممالک میں جماعت احمدیہ پر نازل ہونے والے فضلوں کی بارش ہوتے دیکھتا ہے۔ ان ترقیات میں سب سے بڑا سنگ میل اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور روحانی تعلیمات کو پوری دنیا میں پھیلانا اور اس کے نام کی منادی کرنا ہے اور یہ سب کام بیوت الذکر کی تعمیر کے ساتھ وابستہ ہیں۔ لیکن دنیا بھر میں قائم احمدیہ بیوت الذکر کا تعارف حاصل کرنا جہاں بہت اہم ہے وہاں مشکل بھی ہے۔ کیونکہ بیوت کی تصاویر اور ان کی تاریخ کسی ایک جگہ موجود نہیں ہے۔ اس مشکل کو جماعت احمدیہ امریکہ نے صد سالہ خلافت احمدیہ جوبلی کے موقع پر ایک سووینئر شائع کر کے آسان بنا دیا ہے۔ آرٹ پیپر اور رنگین تصاویر سے مزین ساڑھے تین سو صفحات کا یہ سووینئر ایک لمبے عرصے کی محنت اور تحقیق کا نتیجہ ہے اس کو زیور طبع سے آراستہ کرنے والی ٹیم نے 60 ممالک کا سفر کر کے ہر ملک کی بیوت کی تصاویر، مشن ہاؤس اور جماعتی ترقیات کی تفصیلات اکٹھی کی ہیں جو بلاشبہ ایک محنت طلب اور طویل کام ہے۔ ہر ملک میں خود پہنچ کر مواد اکٹھا کرنا بڑے اہم کارنامے سے کم نہیں ہے۔ اس طرح ہر ملک کی تاریخ رقم کرنے اور اس سلسلہ میں ہر پہلو اور مشکل کو مکمل کرنے اور حل کرنے میں آسانی پیدا ہوتی ہے نیز اپ ٹو ڈیٹ معلومات کا حصول ممکن ہو جاتا ہے۔

زیر تبصرہ سووینئر کے آغاز میں ایڈیٹر کی طرف سے تعارفی نوٹ شامل ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی طرف سے اس سووینئر کے لئے دیا گیا خصوصی پیغام چار چاند لگا رہا ہے۔ خانہ کعبہ کے بارے میں تاریخی حقائق، مسجد نبویؐ، قبلہ اول، غار حرا، مسجد قبا اور مسجد قبلتین پر بھی نوٹس تصاویر سے مزین شامل ہیں۔ آنحضرت ﷺ کا مسجد میں نماز ادا کرنا کے اہم عنوان پر مکرم شمشاد احمد ناصر صاحب مربی سلسلہ امریکہ نے احادیث کی روشنی میں قیمتی معلومات فراہم کی ہیں۔ جماعت احمدیہ کا تعارف، دس شرائط بیعت، حضرت مسیح موعود اور آپ کے خلفاء کے ارشادات بابت بیوت الذکر کے مقاصد، بیت کی اہمیت اور آداب کے موضوع پر مکرم داؤد حنیف صاحب مشنری انچارج امریکہ نے قلم اٹھایا ہے۔ محترم مولانا دوست محمد شاہد صاحب مؤرخ احمدیت کا نہایت اہم مضمون آنحضرت ﷺ کی زندہ و پاکیزہ یادوں کے عنوان سے سجایا گیا ہے۔ دنیا بھر میں موجود جماعتی بیوت اور مشن ہاؤسز پر ایک مبسوط جائزہ اور خواتین کی قربانیوں سے تعمیر ہونے والی بیوت الذکر کے مضامین تحقیق پر مبنی ہیں۔ قادیان دارالامان اور ربوہ کی بیوت اور دیگر ضروری معلومات اور مخالفین کی طرف سے احمدیہ بیوت الذکر کو نقصان پہنچانے کا بھی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔ پھر اس سووینئر میں البانیہ کے خوبصورت پہاڑوں سے لے کر طوالو کے گھرے پانیوں تک 60 ممالک میں موجود احمدیہ بیوت الذکر کا تعارف اور تصاویر آراستہ کی گئی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ہر ملک میں جماعت احمدیہ کی تاریخ، ترقیات، مشن ہاؤسز، مربیان کرام اور دیگر قیمتی معلومات بھی باتصویر مہیا ہیں۔ جس کی وجہ سے یہ کتاب ایک قیمتی دستاویز اور جماعتی لٹریچر میں اس موضوع پر بنیادی ماخذ کا درجہ حاصل کر گئی ہے۔

Quebecor ورلڈ بک سروسز ورسیلس کینٹکی امریکہ میں چھپی یہ کتاب بہت عمدگی کے ساتھ ڈیزائن کر کے مضبوط آرٹ پیپر پر طبع کی گئی ہے۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی سے لے کر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز تک تمام خلفاء نے دنیا بھر کے ممالک میں جو دورے فرمائے ہیں، ان کو بھی اس مجلّہ میں تفصیل اور تصویر کے ساتھ شامل کیا گیا ہے۔ اس کے مطالعہ سے جہاں جماعتی معلومات ملتی ہیں وہاں ہر ملک کا نقشہ اور اس کے تعارف پر مشتمل ضروری معلومات بھی میسر آتی ہیں۔ جماعتی لٹریچر میں یہ بہت اہم اضافہ ہے۔ اللہ تعالیٰ جماعت احمدیہ امریکہ اور اس کتاب کی طباعت، تحقیق اور محنت کرنے والی ٹیم کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین

(ایف شمس)

حضرت خالدؓ بن حزام بن خویلد

حضرت خدیجہؓ آپ کی پھوپھو تھیں۔ آپؓ کو ابتداء ہی میں قبول اسلام کی سعادت نصیب ہوئی۔ آپ حکیم بن حزام کے بھائی تھے۔ مہاجرین حبشہ میں شامل تھے۔ لیکن راستے میں سانپ نے ڈس لیا اور وفات پا گئے۔

موازنہ ؟

جناب حمید اختر اپنے کالم پرسش احوال میں لکھتے ہیں۔

چھ سات ہفتے دیار غیر میں رہنے کے بعد واپسی پر ہمیں اپنے اور ان ملکوں میں رہنے والوں کے حالات و کوائف کے موازنے کا موقعہ ہی نہیں ملا۔ لاہور میں احمدیوں کی عبادت گاہوں پر حملوں نے ہمیں سب کچھ بھلا دیا۔ امریکہ اور کینیڈا میں سات ہفتے قیام کے دوران نہ تو کبھی بجلی گئی اور نہ ہی کوئی دھماکہ ہوا۔ نیویارک کے ٹائمز سکوائر میں دھماکہ کرنے کی جو ناکام کوشش کی گئی اس میں بھی پاکستان کا نام ہی بار بار سننے میں آیا۔............

لاہور میں احمدیوں کی عبادت گاہوں پر حملے کا واقعہ پیش آنے پر ہمیں ٹورانٹو میں آباد ان احمدی لوگوں کا ایک پورا شہر بھی یاد آتا رہا۔ جنہیں یہاں معمول کی زندگی بسر کرنے اور اپنی عبادت گاہوں میں جانے سے زبردستی روک دیا گیا۔ اس دفعہ اپنے دو ہفتے کے ٹورانٹو میں قیام کے دوران اتفاق سے اس شہر میں جانے کا موقعہ ملا۔ یہ شہر احمدیوں کے ہزاروں گھروں اور شاندار مسجدوں پر مشتمل ہے۔ ایسے بہت سے اور پاکستانی بھی یورپ امریکہ اور کینیڈا میں مقیم ہیں جو فوجی آمروں کے ظلم و تشدد سے نجات حاصل کرنے کے لئے اپنا ملک چھوڑ کر ان ملکوں میں پناہ لینے پر مجبور ہوئے۔ ان کی اپنی مساجد ہیں، مدرسے ہیں، اپنے دین کی خوبیوں کو بیان کرنے یا تبلیغ کرنے کی اجازت ہے۔ ان حکومتوں کی طرف سے انہیں پناہ دینے اور روزگار مہیا کرنے کے لئے عیسائیت قبول کرنے کی کوئی شرط بھی عائد نہیں کی جاتی۔ کیا یہ امر حیرت انگیز نہیں ہے کہ یہ ممالک جو پاکستان میں فرقہ وارانہ تشدد مذہبی انتہا پسندی یا سیاسی اختلافات کی بنیاد پر ان ملکوں میں پناہ لیتے ہیں انہیں اپنے اپنے مذہب یا فرقہ وارانہ عقائد پر عمل کرنے کی پوری آزادی ہے اور ہمیں پناہ دینے اور اپنے عقائد کے مطابق زندگی بسر کرنے کا موقعہ دینے والے یہ لوگ ہمارے جہادیوں کے نزدیک واجب القتل ہیں۔ مذہبی جنون اور انتہا پسندی کی موجودہ لہر سے قبل یورپ، امریکہ اور کینیڈا میں سینکڑوں بلکہ ہزاروں افراد اسلام قبول کر رہے تھے۔ **طاقت کے زور پر اسلام پھیلانے والے ان بدبخت لوگوں نے دین اسلام کا ایسا حلیہ بگاڑا ہے کہ اب اسے دہشت گردوں کا مذہب تصور کیا جا رہا ہے۔** یہ باتیں ہمارے علماء اور اہل قلم کے سوچنے کی ہیں۔ یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ ہمارے لکھنے والے بھی جو ہر معاشرے میں بہتری اور بھلائی کے نقیب تصور کئے جاتے ہیں نفرت اور عصبیت پھیلانے والوں میں شامل ہو گئے ہیں۔ ان میں سچی بات کہنے کا حوصلہ باقی نہیں ہے۔ یہ سوال پوچھنے تک کی جرأت کسی میں نہیں ہے کہ جب ہم نے اپنے وسائل کا غالب حصہ ایٹم بم بنانے پر صرف کیا تو اسے ''ڈیٹرنٹ'' قرار دیا گیا تھا اور کہا گیا تھا کہ ایٹمی طاقت بننے کے بعد ہماری طرف کوئی آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھے گا اور ہم ہمیشہ کے لئے دشمن کے کسی حملے سے محفوظ ہو گئے۔ اگر یہ بات واقعی درست ہے تو پھر ایٹم بم بنانے کے بعد ہی ہر سال ہمارے دفاعی بجٹ میں اضافہ کیوں ہو رہا ہے۔ اگر ہماری حفاظت کے لئے ایٹم بم بنانا ضروری تھا تو پھر روایتی اسلحے کے ڈھیر لگانے سے کیا حاصل ہوگا؟ یہ سوال اس لئے بھی غور طلب ہے کہ جن طاقتوں کو ہم اسلام دشمن قرار دے رہے ہیں انہی سے اسلحہ خریدار کر ان کی معیشت کو مضبوط بنانے اور خوش حالی میں اضافہ بھی کر رہے ہیں اور ان سے بھیک بھی مانگ رہے ہیں۔ ہمارا ملک وہ واحد ملک ہے جس کے سیاستدان اور اہل قلم کھلے بندوں ایٹم بم استعمال کرنے کا مشورہ دے رہے ہیں اور یہ کہہ رہے ہیں کہ آخر ہم نے یہ بم آتش بازی کے لئے تو نہیں بنایا تھا۔ بنایا ہے تو اسے استعمال بھی کریں۔ دنیا بھر کی ایٹمی طاقتیں ان بموں میں کمی کرنے کے معاہدے کر رہی ہیں کیوں کہ یہ بم انسانی زندگی کے آثار تک مٹانے کی استعداد رکھتا ہے اور پوری نسل انسانی کے لئے خطرہ ہے۔ ہم ہیں کہ اسے ''ڈیٹرنٹ'' قرار دینے کے بعد اب اس کے استعمال پر بھی زور دے رہے ہیں، جس ملک کے مذہبی انتہا پسند جنونی طاقت کے بل پر دنیا پر قبضہ کرنے کا پروگرام بنا کر اس کا اعلان کر رہے ہوں اور جس کے سیاسی رہنما اور اہل قلم ایٹم بم کے استعمال کا ڈھنڈورہ پیٹنے میں لگے ہوئے ہوں اس پر اگر دنیا دہشت گردی اور غیر ذمہ داری کے الزام عائد کرتی ہے تو کوئی غلطی نہیں کرتی۔ ہمارے لئے لازم ہے کہ ہم اپنے ان رویوں پر نظر ثانی کریں جو دنیا بھر میں بدنامی کا باعث بن رہے ہیں۔ اس کے لئے ہمیں آگے کی طرف دیکھنے اور نئی دنیا کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی ضرورت ہے۔ ہم آج کی دنیا کا حصہ ہیں اور آج کی اس دنیا سے الگ تھلگ رہنے یا ماضی کے سراب کی طرف لوٹ جانے کی کوشش تباہی کا ذریعہ تو بن سکتی ہے ہماری مشکلات اور مصائب دور نہیں کر سکتی۔ ہمارا مذہب اس میں ہرگز حائل نہیں ہوسکتا بشرطیکہ ہم اسے دنیا میں امن و محبت رواداری اور تحمل کا دین تصور کرنے پر تیار ہوں۔ **عالم اسلام جب عروج پر تھا اور جب اسلامی ممالک طاقت اور قوت کے اعتبار سے بلندیوں کی سطح پر تھے اس وقت بھی انہوں نے تلوار کے زور سے دنیا پر قبضہ کرنے کی بجائے انسانی اقدار کی پابندی اور امن کے پیغام کے ذریعے اپنے دین و مذہب کا دائرہ وسیع کیا۔** آج جبکہ ہم ایک کمزور ملک ہیں تشدد اور دہشت کے ذریعہ اسے پھیلانے کی کوشش ہماری تباہی کا ذریعہ تو بن سکتی ہے اس سے حاصل ہرگز کچھ نہیں ہوگا۔

(روزنامہ ایکسپریس یکم جون 2010ء)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ
مطبع: ضیاء الاسلام پریس
مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ
قیمت 5 روپے

مکرم محمد لقمان صاحب

نماز کی فرضیت اور اس کی فضیلت

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے انسانی پیدائش کا مقصد عبادات الٰہی قرار دیا ہے جیسا کہ فرمایا ہے۔

"میں نے جن و انس کو صرف عبادت کے لئے پیدا کیا ہے"۔ (الذاریات:57)

اسی طرح ایک حدیث قدسی میں بھی اس مقصد کو ان الفاظ میں اجاگر فرمایا گیا ہے:۔

(یعنی میں ایک مخفی خزانہ تھا پھر میں نے ارادہ کیا کہ میں پہچانا جاؤں اور دنیا میں جانا جاؤں۔ اس لئے میں نے آدم کو پیدا کیا۔)

چنانچہ قرآن کریم میں بنی نوع انسان کے لئے پہلا حکم عبادت کے قیام کا ہی بیان ہوا۔ فرمایا:۔

"اے لوگو! تم عبادت کرو اپنے رب کی جس نے تمہیں پیدا کیا اور ان کو بھی جو تم سے پہلے تھے تا کہ تم تقویٰ اختیار کرو"۔ (البقرہ آیت:22)

دین حق کی بنیاد جن پانچ ستونوں پر رکھ کر عبادت کی عمارت تعمیر کی گئی ہے ان میں سے ایک نہایت اہم اور بنیادی ستون "نماز" ہے۔

حضرت ابراہیمؑ کی دعا

قرآن کریم میں حضرت ابراہیمؑ کی ایک دعا کا ذکر ملتا ہے جو آپؑ نے اپنی نسل کے لئے بارگاہ ایزدی میں کی تھی، جس میں قیام نماز کے حوالے سے اللہ تعالیٰ کے حضور فریاد کی گئی تھی۔ حضرت ابراہیمؑ عرض کرتے ہیں:۔

"اے ہمارے رب! یقیناً میں نے اپنی اولاد میں سے بعض کو ایک بے آب و گیاہ وادی میں تیرے معزز گھر کے پاس آباد کر دیا ہے۔ اے ہمارے رب! تا کہ وہ نماز قائم کریں۔ پس لوگوں کے دلوں کو ان کی طرف مائل کر دے اور انہیں پھلوں میں سے رزق عطا کر تا کہ وہ شکر کریں"۔ (سورۃ ابراہیم آیت:38)

حضرت لقمان کی بیٹے کو وصیت

قیام نماز کے عظمت و اہمیت کے حوالے سے اللہ تعالیٰ نے حضرت لقمان کی اپنے بیٹے کو وصیت کا ذکر قرآن کریم میں فرمایا ہے۔ آپ فرماتے ہیں:۔

"اے میرے بیٹے نماز قائم کر"(سورۃ لقمان:18)

بنی اسرائیل سے قیام نماز کے عہد

قرآن کریم میں بنی اسرائیل کے میثاق کا بھی ذکر ملتا ہے جس میں نماز کے قیام کا ان سے عہد لیا گیا تھا۔ فرمایا:۔

"اور یقیناً اللہ بنی اسرائیل کا میثاق (بھی) لے چکا ہے اور ہم نے ان میں سے بارہ نقیب مقرر کر دیئے تھے اور اللہ نے کہا یقیناً میں تمہارے ساتھ ہوں۔ اگر تم نے نماز قائم کی اور زکوۃ دی اور میرے رسولوں پر ایمان لائے اور تم نے ان کی مدد کی اور اللہ کو قرضہ حسنہ دیا تو میں ضرور تمہاری برائیوں کو تم سے دور کردوں گا اور ضرور تمہیں ایسی جنتوں میں داخل کروں گا جن کے دامن میں نہریں بہتی ہوں گی۔ پس تم میں سے جس نے اس کے بعد کفر کیا تو وہ یقیناً سیدھی راہ سے بھٹک گیا"۔ (المائدہ آیت:13)

قیام نماز کا حکم

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں عبادت کا حکم ارشاد فرمانے کے بعد باقاعدہ قیام نماز کا حکم بھی دیا۔ چنانچہ فرمایا:۔

☆ اور نماز قائم کرو اور زکوۃ ادا کرو اور جھکنے والوں کے ساتھ جھک جاؤ۔ (البقرہ آیت:44)

☆ اور نماز قائم کرو اور زکوۃ ادا کرو اور جو بھلائی بھی تم خود اپنی خاطر آگے بھیجتے ہو اسے تم اللہ کے حضور موجود پاؤ گے۔ یقیناً اللہ اس پر نگاہ رکھے ہوئے ہے جو تم کرتے ہو۔ (البقرہ آیت:111)

☆ تو میرے ان بندوں سے کہہ دے جو ایمان لائے ہیں کہ وہ نماز قائم کریں۔ (سورۃ ابراہیم آیت:32)

☆ یقیناً میں ہی اللہ ہوں۔ میرے سوا اور کوئی معبود نہیں۔ پس میری عبادت کر اور میرے ذکر کے لئے نماز کو قائم کر۔ (سورۃ طٰہٰ آیت:15)

☆ تو سورج کے ڈھلنے سے لے کر رات کے خوب تاریک ہو جانے تک مختلف گھڑیوں میں نماز کو عمدگی سے ادا کر۔ (سورۃ بنی اسرائیل آیت:79)

اور دن کے دونوں کناروں پر نماز کو قائم کر اور رات کے کچھ ٹکڑوں میں بھی۔ (سورۃ ھود آیت:115)

اہل خانہ کو نماز کی تلقین کا حکم

قرآن کریم نے بندے کو انفرادی حیثیت میں ہی قیام نماز کا حکم نہیں دیا بلکہ اس کو اپنے اہل و عیال پر اس حوالے سے نگران بھی مقرر کر دیا ہے۔ چنانچہ فرمایا:۔

"اور اپنے گھر والوں کو نماز کی تلقین کرتا رہ اور اس پر ہمیشہ قائم رہ۔ (سورۃ طٰہٰ آیت:133)

گویا صرف اتنا ہی کافی نہیں کہ بندہ خود پابند صلوٰۃ ہو جائے۔ بلکہ قیام نماز کے لئے تلقین عمل اور اس کا تسلسل بھی نماز کی فرضیت میں داخل ہے۔

نماز کی حفاظت کا ارشاد

قیام نماز کا ارشاد فرما کر پھر نماز کی حفاظت کا بھی حکم ارشاد فرمایا گیا ہے۔ جیسا کہ فرمایا:۔

☆ اپنی نمازوں کی حفاظت کرو بالخصوص مرکزی نماز کی"۔ (البقرہ آیت:239)

☆ شیطان تو یہی چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے ذریعہ سے تمہارے درمیان دشمنی اور بغض پیدا کر دے اور تمہیں ذکر الٰہی اور نماز سے باز رکھے تو کیا تم باز آجانے والے ہو؟" (المائدہ آیت:92)

معاملات و مصروفیات نماز میں روک نہ بنیں

معاشرے میں عموماً لوگ اپنے ذاتی کاموں اور مصروفیات کا بہانہ بنا کر نماز سے غفلت کر جاتے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ حقیقی مومن بندے اس قسم کے بہانوں سے عبادت کا حرج نہیں ہونے دیتے۔ فرمایا

☆ جنہیں اگر ہم زمین میں تمکنت عطا کریں تو وہ نماز کو قائم کرتے ہیں اور زکوۃ ادا کرتے ہیں اور نیک باتوں کا حکم دیتے ہیں اور بری باتوں سے روکتے ہیں اور ہر بات کا انجام اللہ ہی کے اختیار میں ہے۔ (سورۃ الحج آیت:42)

☆ ایسے عظیم مرد جنہیں نہ کوئی تجارت اور نہ کوئی خرید و فروخت اللہ کے ذکر سے یا نماز کے قیام سے یا زکوۃ کی ادائیگی سے غافل کرتی ہے۔ وہ اس دن سے ڈرتے ہیں جس میں دل (خوف سے) الٹ پلٹ ہو رہے ہوں گے اور آنکھیں بھی"۔ (سورۃ النور آیت:38)

حقیقی مومن کی علامت

☆ "وہ لوگ جو اپنی نماز پر دوام اختیار کرنے والے ہیں"۔ (سورۃ المعارج آیت:24)

"یقیناً مومن کامیاب ہو گئے، وہ جو اپنی نماز میں عاجزی کرنے والے ہیں"۔ (المومنون آیات:2,3)

☆ "اور وہ لوگ جو اپنی نمازوں پر محافظ بنے رہتے ہیں"۔ (المومنون آیت:10)

نماز کا مقصد

قرآن پاک میں اللہ کی عبادت اور قیام نماز پر زور ہی نہیں دیا گیا بلکہ اس کی پاک تاثیرات اور فضائل سے بھی بنی نوع انسان کو بخوبی آگاہ کیا گیا ہے۔

چنانچہ فرمایا:۔

"تو کتاب میں سے جو تیری طرف وحی کیا جاتا ہے پڑھ کر سنا اور نماز کو قائم کر۔ یقیناً نماز بے حیائی اور ہر ناپسندیدہ بات سے روکتی ہے اور اللہ کا ذکر یقیناً سب (ذکروں) سے بڑا ہے اور اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو"۔ (العنکبوت آیت:46)

احادیث مبارکہ

رسول کریم ﷺ نے نماز کو اپنی آنکھوں کی ٹھنڈک قرار دیا ہے۔ اسے دین کا ستون فرمایا اور اس کو مومن کی معراج قرار دیا ہے۔ (تفسیر کبیر امام رازی)

آپؐ نے فرمایا کہ بہترین عمل جو اللہ تعالیٰ نے بندوں کے لئے مقرر فرمایا وہ نماز ہے۔ (جامع الصغیر)

نماز گناہوں کو جھاڑتی ہے

ابو عثمانؓ کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں حضرت سلمان فارسیؓ کے ہمراہ ایک درخت کے نیچے کھڑا تھا۔ حضرت سلمان فارسیؓ نے درخت کی ایک خشک ٹہنی پکڑ کر اس کو ہلایا۔ جس سے اس ٹہنی کے پتے گر گئے۔ پھر مجھ سے کہنے لگے کہ ابو عثمان تم نے مجھ سے یہ نہیں پوچھا کہ میں نے ایسا کیوں کیا ہے؟ میں نے کہا کہ بتایئے کہ آپ نے ایسا کیوں کیا ہے؟ تو انہوں نے فرمایا کہ ایک مرتبہ میں آنحضرت ﷺ کے ساتھ ایک درخت کے نیچے کھڑا تھا۔ آپؐ نے بھی درخت کی ایک خشک ٹہنی کو پکڑ کر اس طرح کیا تھا جس سے اس کے پتے جھڑ گئے تھے پھر رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تھا کہ سلمان! تم پوچھتے کیوں نہیں کہ میں نے اس طرح کیوں کیا؟ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے بتائیں کہ آپ نے ایسا کیوں کیا؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ جب ایک مسلمان اچھی طرح وضو کرتا ہے پھر پانچوں نمازیں پڑھتا ہے تو اس کی خطائیں اس سے ایسے ہی گر جاتی ہیں جیسے یہ پتے گرتے ہیں"۔ (مسند احمد بن حنبل سنن نسائی)

پانچ نمازوں کی مثال

حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ایک مرتبہ ارشاد فرمایا کہ بتاؤ اگر کسی شخص کے دروازہ پر ایک نہر جاری ہو جس میں وہ پانچ مرتبہ روزانہ غسل کرتا ہو کیا اس کے بدن پر کچھ میل باقی رہے گی۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ کچھ بھی میل باقی نہیں رہے گی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہی حال پانچ نمازوں کا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی وجہ سے گناہوں کو زائل کر دیتا ہے۔ (صحیح بخاری و صحیح مسلم)

فرض نماز کی فضیلت

ابو مسلم فرماتے ہیں کہ میں ابو امامہؓ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپؓ اس وقت مسجد میں تشریف فرما تھے۔ میں نے عرض کیا کہ مجھ سے کسی نے آپ کی طرف منسوب کر کے حدیث بیان کی ہے کہ آپ نے آنحضرت ﷺ سے یہ ارشاد سنا ہے کہ جو شخص اچھی طرح وضو کرے اور پھر فرض نماز پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس دن کے وہ گناہ جو اس کے چلنے سے ہوئے ہوں اور وہ گناہ جو اس کے ہاتھوں نے کئے ہوں اور وہ گناہ جو

اس کے کانوں سے سرزد ہوئے ہوں اور وہ گناہ جو اس نے آنکھوں سے کئے ہوں اور وہ گناہ جو اس کے دل میں پیدا ہوئے ہوں سب معاف فرما دیتا ہے۔ حضرت ابوامامہؓ فرماتے ہیں کہ یہ مضمون میں نے آنحضرت ﷺ سے کئی دفعہ سنا ہے۔

(مسند احمد بن حنبل)

حضرت ابن مسعودؓ روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جب نماز کا وقت ہوتا ہے تو ایک فرشتہ اعلان کرتا ہے کہ اے آدم کی اولاد! اٹھو اور جہنم کی اس آگ کو جسے تم نے اپنے گناہوں کی بدولت بھڑکایا ہے بجھا دو۔ پس لوگ اٹھتے ہیں وضو کرتے ہیں اور ظہر کی نماز ادا کرتے ہیں جس کی وجہ سے ان کے صبح سے ظہر تک کے گناہوں کی مغفرت کر دی جاتی ہے اسی طرح پھر عصر کے وقت، پھر مغرب کے وقت، پھر عشاء کے وقت۔ غرض ہر نماز کے وقت یہی کیفیت ہوتی ہے۔ (الطبرانی الکبیر)

مشکلات کا حل نماز

حضرت حذیفہؓ کی روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ کو جب کوئی سخت امر پیش آتا تو فوراً آپؐ نماز کی طرف متوجہ ہوا کرتے تھے۔

(مسند احمد۔ سنن ابوداؤد)

احادیث کی کتب میں بے شمار ایسی روایات ملتی ہیں کہ آندھی ہو، طوفان ہو، بارش ہو، گرج چمک ہو، موت فوت ہو یا کوئی اور حادثہ پیش آئے آنحضور ﷺ اور آپؐ کے صحابہ کرامؓ قرآن کریم کے اس ارشاد کے پیش نظر کہ واستعینوا بالصبر و الصلوٰۃ (البقرہ:46) (نماز اور صبر کے ذریعہ اللہ کی مدد چاہو) فوراً نماز کی طرف متوجہ ہوتے تھے۔

حضرت مسیح موعود کے ارشادات

نماز ترقی کا زینہ

''نماز ساری ترقیوں کی جڑ اور زینہ ہے اسی لئے کہا گیا ہے کہ نماز مومن کا معراج ہے۔ اس دین میں ہزاروں، لاکھوں اولیاء اللہ، راست باز، ابدال، قطب گزرے ہیں۔ انہوں نے یہ مدارج اور مراتب کیونکر حاصل کئے؟ اسی نماز کے ذریعہ سے۔ خود آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں قرۃ عینی فی الصلوٰۃ یعنی میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے اور فی الحقیقت جب انسان اس مقام اور درجہ پر پہنچتا ہے تو اس کے لئے اکمل اتم لذت نماز ہی ہوتی ہے اور یہی معنے آنحضرت ﷺ کے اس ارشاد کے ہیں۔''

(ملفوظات جلد چہارم ص605)

فرمایا ''بس نماز ہی ایسی چیز ہے جو معراج کے مراتب تک پہنچا دیتی ہے۔ یہ ہے تو سب کچھ ہے۔''

(ملفوظات جلد پنجم ص432)

فرمایا ''نماز بڑی ضروری چیز ہے اور مومن کا معراج ہے۔ خداتعالیٰ سے دعا مانگنے کا بہترین ذریعہ نماز ہے۔'' (ملفوظات جلد دوم ص184)

نماز کیا ہے؟

''نماز تو تمام برکتوں کی کنجی ہے۔ نماز میں دعا قبول ہوتی ہے۔ (ملفوظات جلد اول ص523)

''نماز ہزاروں خطاؤں کو دور کر دیتی ہے اور ذریعہ حصول قرب الٰہی ہے۔''

(ملفوظات جلد چہارم ص292)

''نماز بھی گناہوں سے بچنے کا ایک آلہ ہے۔ نماز کی یہ صفت ہے کہ انسان کو گناہ اور بدکاری سے ہٹا دیتی ہے سو تم ویسی نماز کی تلاش کرو اور اپنی نماز کو ایسی بنانے کی کوشش کرو۔ نماز نعمتوں کی جان ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فیض اسی نماز کے ذریعہ سے آتے ہیں۔ سو اس کو سنوار کر ادا کرو تاکہ تم اللہ تعالیٰ کی نعمت کے وارث بنو۔'' (ملفوظات جلد سوم ص103)

''نماز ایسی شے ہے کہ سیئات کو دور کر دیتی ہے جیسے فرمایا ان الحسنات.......... (ھود:115) نماز کل بدیوں کو دور کر دیتی ہے۔ حسنات سے مراد نماز ہے۔

(ملفوظات جلد دوم ص347)

نماز ایک شربت

''نماز ایک ایسا شربت ہے کہ جو ایک بار اسے پی لے۔ اسے فرصت ہی نہیں ہوتی اور وہ فارغ ہی نہیں ہوسکتا۔ ہمیشہ اس سے سرشار اور مست رہتا ہے اس سے ایسی محویت ہوتی ہے کہ اگر ساری عمر میں ایک بار بھی اسے چکھتا ہے تو پھر اس کا اثر نہیں جاتا۔''

(ملفوظات جلد دوم صفحہ 346)

نماز بہترین وظیفہ ہے

سیدنا حضرت مسیح موعود سے سوال کیا گیا کہ:۔

بہترین وظیفہ کیا ہے؟

فرمایا:۔ ''نماز سے بڑھ کر اور کوئی وظیفہ نہیں ہے کیونکہ اس میں حمد الٰہی ہے، استغفار ہے اور درود شریف، تمام وظائف اور اوراد کا مجموعہ یہی نماز ہے اور اس سے ہر قسم کے غم وہم دور ہوتے ہیں اور مشکلات حل ہوتی ہیں۔

آنحضرت ﷺ کو اگر ذرا بھی غم پہنچتا تو آپؐ نماز کے لئے کھڑے ہو جاتے اور اسی لئے فرمایا ہے الابذکر اللّٰہ ....اطمینان وسکینت قلب کے لئے نماز سے بڑھ کر اور کوئی ذریعہ نہیں۔ لوگوں نے قسم قسم کے ورد اور وظیفے اپنی طرف سے بنا کر لوگوں کو گمراہی میں ڈال رکھا ہے اور ایک نئی شریعت آنحضرت ﷺ کی شریعت کے مقابلہ میں بنا دی ہوئی ہے..........

میرے نزدیک سب وظیفوں سے بہتر وظیفہ نماز ہی ہے۔ نماز ہی کو سنوار سنوار کر پڑھنا چاہئے اور سمجھ سمجھ کر پڑھو اور مسنون دعاؤں کے بعد اپنے لئے۔ اپنی زبان میں بھی دعائیں کرو۔ اس سے تمہیں اطمینان قلب حاصل ہوگا اور سب مشکلات خداتعالیٰ چاہے گا تو اسی سے حل ہو جائیں گی۔ نماز یادالٰہی کا ذریعہ ہے اس لئے فرمایا ہے اقم الصلوٰۃلذکری (طہٰ:15)''

(ملفوظات جلد سوم ص310-311)

نماز تعویذ ہے

نماز انسان کا تعویذ ہے۔ پانچ وقت دعا کا موقعہ ملتا ہے۔ کوئی دعا تو سنی جائے گی۔ اس لئے نماز کو بہت سنوار کر پڑھنا چاہئے اور مجھے یہی بہت عزیز ہے۔'' (ملفوظات جلد اول ص396)

عظیم الشان نصیحت

''میں پھر تمہیں بتلاتا ہوں کہ اگر خداتعالیٰ سے سچا تعلق، حقیقی ارتباط قائم کرنا چاہتے ہو تو نماز پر کاربند ہو جاؤ اور ایسے کاربند ہو کہ تمہارا جسم نہ تمہاری زبان بلکہ تمہاری روح کے ارادے اور جذبے سب کے سب ہمہ تن نماز ہو جائیں''۔ (ملفوظات جلد اول ص108)

اللہ تعالیٰ ہمیں ایسی نمازیں عطا کرے جو ہماری آنکھوں کی ٹھنڈک بن جائیں اور اس کے حوالے سے تمام برکات، افضال ہمارا حصہ بن جائیں۔ (آمین)

آڑے وقت کی دعا

حضرت مسیح موعود نے اپنے خط مورخہ 20/اگست 1885ء میں درج ذیل دعا حضرت مولوی نورالدین صاحب (خلیفۃ المسیح الاول) کو تحریر فرمائی۔ جو ''آڑے وقت کی دعا'' کے نام سے معروف ہے۔

''اے میرے محسن اور اے میرے خدا۔ میں ایک تیرا ناکارہ بندہ پرمعصیت اور پرغفلت ہوں۔ تو نے مجھ سے ظلم پر ظلم دیکھا اور انعام پر انعام کیا۔ اور گناہ پر گناہ دیکھا۔ اور احسان پر احسان کیا۔ تو نے ہمیشہ میری پردہ پوشی کی اور اپنی بے شمار نعمتوں سے مجھے متمتّع کیا۔ سو اب بھی مجھ نالائق اور پُرگناہ پر رحم کر۔ اور میری بے باکی اور ناسپاہی کو معاف فرما۔ اور مجھ کو میرے اس غم سے نجات بخش۔ کہ بغیر تیرے کوئی چارہ گر نہیں۔ آمین ثم آمین۔''

(مکتوبات احمد جلد 2 مکتوب نمبر 2 صفحہ 10)

منظوم دعا

اے مرے محسن مرے پیارے خدا   ایک ناکارہ سا بندہ ہوں تِرا
بحرِ عصیاں میں ہوں مَیں ڈوبا ہوا   سستی و غفلت کا ہوں مارا ہوا
تو نے مجھ سے ظلم پر دیکھا ہے ظلم   پھر بھی انعامات کا مورد رہا
مجھ سے دیکھا ہے گنہ پر بس گناہ   پھر بھی احسانوں پہ احساں ہے کیا
پردہ پوشی کی مری تو نے ہمیش   اَن گِنت کیں نعمتیں مجھ کو عطا
ہوں میں نالائق بڑا اور پُر گناہ   اب بھی فرما رحم اے ربّ الوریٰ
ناسپاسی اور بے باکی مری   بخش دے اپنے کرم سے اے خدا
اس گناہ سے بھی ملے مجھ کو نجات   کوئی چارہ گر نہیں تیرے سِوا
یہ دعا میری خدایا! کر قبول   ملتجی ہوں پھر۔ قبولیں یہ دعا

محمد اسلم صابر

میرے دادا چوہدری عبدالرحمان صاحب اور دادی برکت بی بی صاحبہ

مکرم ندیم احمد مجاہد صاحب

اس زمانہ کے امام کو ماننے والوں میں ایک کثیر تعداد ایسے لوگوں کی ہے جو بہت سادہ اور غربت کی زندگی بسر کرتے تھے۔ وہ ہر قسم کے ظلم سے بے نیاز ہو کر خدا کے بھیجے ہوئے بندے کی تائید میں سینہ سپر ہو کر کھڑے ہو جاتے ہیں اور ان کے سینہ میں خدا ہدایت و تقویٰ کی وہ شمع جلاتا ہے جو نسل در نسل منتقل ہوتی چلی جاتی ہے اگر خدا کا فضل شامل حال رہے۔

ان خوش نصیب اور نیک بخت لوگوں میں سے میرے دادا چوہدری عبدالرحمان اور دادی برکت بی بی بھی شامل ہیں۔ میرے دادا تو میٹرک پاس تھے اور دادی بالکل ان پڑھ تھیں۔ آپ کپورتھلہ میں پیدا ہوئے اور وہیں پلے بڑھے۔ کپورتھلہ کا گاؤں جماعت میں حضرت مسیح موعود کے رفقاء حضرت منشی اروڑے خان صاحب وغیرہ کی وجہ سے شہرت رکھتا ہے۔

میرے دادا 1908ء میں جب حضرت مسیح موعود کی وفات ہوئی تو نوجوان لڑکے تھے جب آپ کی وفات پر اشتہارات وغیرہ مخالفین کی طرف سے نکالے گئے اور ان کی وفات پر توہین آمیز پروپیگنڈہ کیا گیا۔ تب دادا جان کے دل میں جماعت کے متعلق دلچسپی پیدا ہوئی۔ آپ کے ایک ہم جماعت، جماعت سے تعلق رکھتے تھے اور ان کے اخلاق و کردار سے آپ بہت متاثر تھے شاید اسی وجہ سے آپ کے دل میں جماعت کے لئے ہمدردی پیدا ہوا آپ نے ایک بار سائیکل پر جانے کا ارادہ کیا اور چند دوستوں کے ساتھ قادیان سائیکل پر گئے۔ یہ دور حضرت مصلح موعود کا تھا۔ آپ کو حضور کو قریب سے دیکھنے اور سننے کا موقع ملا اور وہ باتیں جو مخالفین کرتے تھے اور آپ کے ذہن میں تھیں وہاں جا کر حقیقت کا علم ہوا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے دل کو سچائی سے منور کر دیا اور آپ بیعت کر کے جماعت میں داخل ہوئے۔

آپ کی شادی برکت بی بی سے ہوئی جو کہ غیر احمدی تھیں۔ میری دادی کے خاندان میں ایک نامی گرامی پیر ہوئے تھے ان کو جب علم ہوا کہ اس خاندان کی ایک لڑکی کی شادی مرزائی (احمدی) کے ساتھ ہوئی ہے تو وہ گھوڑے پر بیٹھ کر آپ کو ملنے گاؤں آئے۔ آپ کو سمجھایا کہ بیٹی یہ تو نے کیا کیا ہے۔ تیرا خاوند تو مرزائی ہو گیا ہے جس کے ساتھ کھانا پینا جائز نہیں اور نہ ہی نکاح جائز رہتا ہے۔ تو فوری طور پر اس کو چھوڑ دے میری دادی ان پڑھ تھیں لیکن عقلمند اور حاضر جواب تھیں۔ انہوں نے پیر صاحب سے کہا کہ اب تو جو ہونا تھا وہ ہو گیا اب ایسے کیوں نہ کریں کہ بجائے میں چھوڑوں اس کو کیوں نہ مسلمان کریں۔ پیر صاحب آپ کے جواب سے بہت خوش ہوئے۔ میری دادی نے پیر صاحب سے کہا کہ اس کام میں آپ میرا ساتھ دیں گے انہوں نے حامی بھر لی۔

چنانچہ ایک دن میری دادی نے گھر میں بڑا کھانا کیا اس میں پیر صاحب کو بھی بلایا۔ میری دادی نے دادا جان کو ساری بات بتائی اور کھانے کی وجہ بتائی اور دادا جان نے دادی کے اس منصوبے سے اتفاق کیا لہٰذا اس دن بڑی شاندار دعوت کا اہتمام کیا گیا۔ گاؤں میں پہلی مرتبہ دادی چینی کے برتن خرید کر لائیں اور اس دعوت میں استعمال کئے جسے دیکھ کر پیر بہت متاثر ہوا کیونکہ ان دنوں مٹی کے برتنوں کا رواج تھا پھر پہلی بار دادی نے رنگ دار زردہ بنایا جو کہ پیر صاحب کے لئے نئی قسم کی ڈش تھی کیونکہ ان دنوں گڑ کے چاول یا ایک رنگ کے زردہ کی ڈش ہوتی تھی۔ اتنا اہتمام دیکھ کر پیر صاحب بھول گئے کہ وہ ایک مرزائی کے گھر کھانا کھا رہے ہیں۔ جب کھانے سے فارغ ہوئے تو میری دادی سر پکڑ کر چلائی کہ پیر صاحب غضب ہو گیا آپ نے ایک مرزائی کی کمائی کھالی پیر صاحب فوراً بولے اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ آپ نے جواب دیا چلو پھر مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا میں ایک مرزائی کی کمائی کھاؤں یا اس کی بیوی رہوں یہ سن کر پیر صاحب پہ سکتہ طاری ہو گیا اور وہ خاموشی سے چلے گئے اور پھر دوبارہ رجوع نہیں کیا۔

دادی جان کو لوگوں کی مخالفت دیکھ کر جماعت میں دلچسپی پیدا ہوئی اس لئے وہ دادا جان سے جماعت کے متعلق پوچھتی رہتیں اور دعا بھی کرتیں لہٰذا انہوں نے خواب دیکھا اور کچھ عرصہ بعد آپ نے بھی بیعت کر لی اور جماعت میں داخل ہو گئیں۔

آزادی کے بعد آپ لوگ ہجرت کر کے ضلع سرگودھا کے ایک شہر سلانوالی کے گاؤں چک 140 جنوبی میں آباد ہو گئے۔ یہیں آپ کو زمین الاٹ کی گئی۔ پورے گاؤں بلکہ آس پاس کے تمام دیہاتوں میں یہ واحد گھر تھا جس نے حق و صداقت کا پرچم اٹھایا ہوا تھا۔ جن کا دل خدا کے نور سے لبریز تھا اور حوصلے بہت بلند تھے۔ جن کا ایمان اس کے باوجود بھی کہ ان دنوں مرکز سے کوئی خاص رابطہ نہیں تھا ہر لحاظ سے مضبوط اور آزمائش میں پورا اترنے والا تھا۔ ان دنوں مخالفت عروج پر تھی ہر مرد و زن اور بچہ اور بوڑھا آپ کی املاک کو نقصان پہنچاتا۔ طعنہ زنی کرنا ایک معمول بن گیا تھا۔ لیکن آفرین ان دو وجودوں پر جو ایمان کی حرارت سے پُر تھے اور ہر تیر کا جواب دعوت الی اللہ سے دیتے تھے اور کہیں بھی آپ کے قدم ڈگمگائے نہیں اور احمدیت کے علَم کو بڑی بہادری کے ساتھ اپنی اگلی نسل تک منتقل کیا۔

میری دادی جان کو گاؤں کی عورتیں کہتی تھیں کہ مسلمان ہو جاؤ ورنہ مرنے کے بعد گاؤں میں دفنانے کوئی نہیں دے گا۔ آپ جواباً ڈنکے کی چوٹ پہ کہتیں کہ میں جگہ تو ڈنڈے کے زور پر لے کے دساں گی۔ یہ بات نہایت سادگی سے بغیر سوچے سمجھے کہتی تھیں۔ لیکن خدا تعالیٰ اپنے پیاروں کے لئے غیرت رکھتا ہے اور ان کی بات کو اپنی بات بنا دیتا ہے۔ جس کا نظارہ ان کی وفات پر دیکھا۔ میرے ابو اور چچا اس کا کئی بار ذکر کرتے ہیں اور خدا تعالیٰ کی شان پر حمد کرتے ہیں کہ خدا نے کس طرح بی بی کی بات کو پورا کر دیا۔

دادی جان کی وفات 13 فروری 1973ء میں ہوئی۔ دیہات کے لوگ غصہ میں تھے اور وہ کسی طرح بھی دادی جان کو گاؤں میں دفن ہوتا دیکھنے کو تیار نہ تھے۔ ان کے 3 بیٹے تھے سب سے چھوٹے بیٹے چوہدری محمد عرفان یہ صورتحال دیکھ کر بہت پریشان ہوئے کہ کیا کیا جائے دادی کی میت کو کہاں لے جایا جائے۔ پریشانی میں سلانوالی پولیس سٹیشن چلے گئے اور وہاں تھانیدار کو غصہ میں کیا کچھ بولتے رہے۔ انہوں نے تھانیدار کو کہا کہ اگر میری ماں یہاں دفن نہ ہوئی تو میں گاؤں کی اینٹ سے اینٹ بجا دوں گا۔ اللہ کی تقدیر نے ایسا کام کر دیا کہ چچا کی یہ بات تھانیدار پر رعب ڈالنے کے لئے کافی تھی۔ حالانکہ چچا بالکل بے بس تھے۔ گاؤں میں اکیلا احمدیوں کا گھر تھا جبکہ پورا گاؤں ایک طرف تھا۔ اس تھانیدار نے فوراً اپنے ہیڈ کوارٹر کو جو کہ سرگودھا میں تھا فون کیا کہ اگر ہماری فورس گاؤں نہ پہنچی تو یہاں امن و امان کا بہت بڑا مسئلہ پیدا ہو سکتا ہے۔ پولیس کے اعلیٰ حکام نے ڈپٹی کمشنر کو اطلاع دی چونکہ ان دنوں سرگودھا میں سنی شیعہ فسادات کے پھوٹنے کا خطرہ تھا اس لئے انتظامیہ بہت چوکنا تھی۔ ڈپٹی کمشنر نے فوراً پولیس اور اے سی کو حکم دیا کہ موقع پر پہنچ کر معاملات حل کروائیں۔ لہٰذا تھوڑی ہی دیر میں پولیس کی بھاری نفری اور انتظامیہ گاؤں پہنچ گئی۔ گاؤں والے حیران رہ گئے۔ انہوں نے فوراً اعلیٰ افسران کے بیٹھنے کا انتظام کیا۔ فوری طور پر پٹواری اور تحصیلدار کو بلوایا گیا اور انتظامیہ کی طرف سے پورے گاؤں کی موجودگی میں ایک کنال زمین کا ٹکڑا قادیانیوں کے قبرستان کے لئے سرکاری طور پر مختص کیا گیا اور اس قبرستان کی حد بندی کی گئی۔ جس کے بعد پورے گاؤں والوں نے قبر کی تیاری میں ہاتھ بٹایا اور قبر تیار کی گئی۔ ساری انتظامیہ پولیس اور گاؤں والوں کی موجودگی میں دفنایا گیا اور بعد میں تمام افسران اور پولیس کے اہلکاروں نے میرے دادا جان اور ان کے بیٹوں سے فرداً فرداً تعزیت کی۔ یہ نظارہ گاؤں کے لوگ دیکھ رہے تھے جو اس خاتون کو یہاں دفنانے کو تیار نہ تھے۔ بعد میں تمام تعزیت میں آنے والوں اور پولیس اہلکاروں کے لئے گاؤں والوں کی طرف سے کھانا تیار کروایا گیا۔ یہ خدا کا ایک بہت بڑا نشان تھا اور دادی کی وہ بات کہ میں اس جگہ دفن ہو کر رہوں گی کس شان کے ساتھ پوری ہوئی۔ آج بھی جب ہم گاؤں جاتے ہیں تو گاؤں سے پہلے قبرستان ہمیں اس واقعہ کی یاد دلا رہا ہوتا ہے ہم وہاں رک کر پہلے ان بزرگوں کے لئے دعا کرتے ہیں اور پھر گاؤں میں قدم رکھتے ہیں۔ دادا جان بھی 1980ء میں فوت ہو کر ادھر ہی دفن ہوئے۔

دادا اور دادی نے بہت آزمائش کا سامنا کیا اور آپ پوری زندگی جدوجہد ہی کرتے رہے۔ جب بھی کوئی کام شروع کرتے اس کو تباہ کر دیا جاتا۔ کھڑی فصلوں کو آگ لگا دی جاتی۔ ٹرک لیا تو وہ جلا دیا گیا اور کاروبار شروع کیا تو لوگ سامان لوٹ کر چلے گئے۔ لیکن ان تمام مصائب کو خندہ پیشانی سے برداشت کیا اور آپ کے ایمان میں ذرا بھر بھی لغزش نہیں آئی۔

آج خدا تعالیٰ نے ان دیہاتی جوڑے کی نسل کو خوب رنگ لگائے۔ خدا کے فضل سے ان کی نسل سے 16 بچے وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہیں۔ ایک پڑنواسہ جامعہ جا چکا ہے۔ ایک پوتا کرنل کے عہدے پر جا پہنچا ہے۔ دو پوتے بینک میں اعلیٰ عہدوں پر ہیں ایک پوتی ڈاکٹر ہے جبکہ ایک پوتی سکول کی پرنسپل ہے۔ ایک پوتی اور ایک پوتا ملک سے باہر رہ رہے ہیں۔

اس دیہاتی جوڑے کی نسل سے کئی وجود خدمت دین بجالا رہے ہیں۔ ان کے ایک پوتے نعیم خالد قائد ضلع راولپنڈی رہ چکے ہیں۔ ایک پوتا (خاکسار) ندیم مجاہد نائب سیکرٹری وقف نو ضلع ہے جبکہ ایک پوتے کرنل وسیم مختلف جماعتی خدمات بجالا رہے ہیں۔ آپ کی پوتیاں بھی لجنہ میں سرگرم ہیں اور ادبی ذوق رکھتی ہیں۔ اخبارات میں مضامین بھجواتی رہتی ہیں آپ کے بیٹے چوہدری محمد اقبال عرصہ سے صدر حلقہ چکلالہ ہیں اور دعوت الی اللہ ان کا مشغلہ ہے۔

اللہ تعالیٰ اس سادہ لوح دیہاتی جوڑے کو جنہوں نے اس زمانے کے امام کو پہچانا اور احمدیت کے علَم کو نامساعد حالات کے باوجود بلند رکھا اور اگلی نسل کو منتقل کیا۔ اپنے قرب میں جگہ عطا کرے۔ آج ان کی نسل یہ عہد کرتی ہے کہ یہ علَم اسی طرح تھامے رکھے گی اور خلافت کے ساتھ وابستہ رہے گی۔

پاکستان نشانے پر ہے

زاہدہ حنا اپنے کالم نرم گرم میں لکھتی ہیں:۔

ہمارے بلند بانگ دعوؤں کی بات جانے دیجئے۔ حقیقت تو یہی ہے کہ پاکستان قائم ہونے کے دن سے آج تک ہماری ریاست نہ اپنی اکثریت کی جان و مال کی حفاظت کرسکی، نہ اس کے انسانی اور جمہوری حقوق اسے دے سکی، نہ اپنی اقلیتوں کو احساس تحفظ فراہم کرسکی۔ یہ کہانی 1947ء اور 1948ء کے کراچی میں ہندوؤں پر ہونے والے حملوں سے شروع ہوئی۔ 1953ء میں احمدیوں کی ہلاکتوں سے ہوتی ہوئی وقتاً فوقتاً کرسچوں، شیعوں، بریلویوں کے قتل، ان کی عبادتگاہوں کی بے حرمتی اور انہیں کافر اور واجب القتل قرار دیئے جانے کے فتوؤں سے بھری ہوئی ہے۔ حد تو یہ ہے کہ ہم نے سکھوں کو بھی نہیں چھوڑا جو اس مملکت خداداد میں اتنی تعداد میں بھی نہیں کہ انہیں آٹے میں نمک کے برابر قرار دیا جاسکے۔ ہمارے یہاں رہنے والے بہائی شاید ان سے بھی کم تعداد میں ہیں، جو ہر لمحہ خوف سے لرزتے رہتے ہیں کہ جانے کب توپوں کا رخ ان کی طرف ہوجائے۔

